لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۳۱	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۷ ربیع الاول ۱۳۳۸ھ مطابق یکم دسمبر ۱۹۱۹ء	نمبر ۴۹

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ امداد اوقاف	۱
۲	رخصت انچارج سب ڈویزنل افسر تعمیرات	״
۳	تقرر ڈاکٹر سراج الدین	۲
۴	برطرفی ڈاکٹر محمد اسمٰعیل	״
۵	الاؤنس صاحب اسسٹنٹ انجنیر بجلی	״
۶	منسوخی رخصت صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری	״
۷	تصحیح خطا گزٹ نمبر ۴۸	״
۸	تعین حلیں باعتبار پیداوار اجناس	״
۹	دفعہ (۹) میں تجویز جدید	״
۱۰	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۲۴ نومبر ۱۹۱۹ء

بملاحظہ تحریر صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر۔ سید لطافت علی عرف ننھے میاں مہتمم امداد اوقاف مشاہرہ دار اٹھائیس روپیہ ماہوار کا بوجہ محنت و مستعدی بکار متعلقہ بیس روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا۔

رخصت

۲۳ نومبر ۱۹۱۹ء

حسب رپورٹ صاحب ہوم سکریٹری بہادر۔ رخصت ڈہائی ماہ لالہ پربہو لال انچارج سب ڈویزنل افسر تعمیرات کی ۸ دسمبر ۱۹۱۹ء سے منظور فرمائی گئی۔

تقرر

۲۲ نومبر ۱۹۱۹ء

حسب رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر - ڈاکٹر سراج الدین ڈسپنسری سرجن کا تقرر بعہدہ سپرنٹنڈنٹ اصطبل و بابوگڈھ یکم نومبر ۱۹۱۹ء سے منظور ہوا - مبلغ ایکسو پچاس روپیہ ماہوار انکو اصطبل سے - اور پچاس روپیہ بطور الاونس کیولری نوربیسز سے ملا کرینگے الاونس کا تعین حسب مدسرو مناسب ہوگا کرنل صاحب بہادر کمانڈنگ کیولری نوربیسز کی سپردگی کار ڈاکٹر مذکور

۱ - نگرانی اسٹینڈ یعنی بابوگڈھ - ۲ - بحیثیت ڈسپنسری سرجن ڈسپنسری یہان اصطبل و بابوگڈھ کے ملازمین کا و دفاع ۳ - گاوخانہ میں جو جانور بیمار ہوگا اسکا علاج کرنا ہوگا - اسکا الاونس کچھ نہیں دیا جائیگا -
۴ - ترقی نسل بھیڑ و گوسفندان - ۵ - کارخانہ جات رنگسازی وغیرہ اصطبل -

ملخص احکام اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

تقرر

۱۸ نومبر ۱۹۱۹ء

بمنظوری اجلاس ہمایون حضور پرنور عالی دام اقبالہم و ملکہم تقرر محمد اسمعیل اسسٹنٹ سرجن سال گزشتہ کا بمشاہرہ پچاس روپیہ ماہوار بجائے ڈاکٹر عبد الغنی متوفی ہاسپٹل اسسٹنٹ متعینہ شفاخانہ بستی بریخ کیا گیا -

الاونس

۲۴ نومبر ۱۹۱۹ء

بوصول ڈی او صاحب چیف سکریٹری بہادر حسب ارشاد بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم مسٹر ماجد علیخان اسسٹنٹ انجنیر روشنی برقی کا ۱۳ اکتوبر ۱۹۱۹ء سے تا انجام دہی خدمات انجنیر روشنی برقی بطور انچارج مبلغ پچاس روپیہ ماہوار الاونس جاری کیا گیا -

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

منسوخی رخصت

۲۰ نومبر ۱۹۱۹ء

حسب استدعا صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری رخصت متصلہ دس یوم از ۵ نومبر ۱۹۱۹ء بقیہ رخصت نو یوم بوجہ واپسی صاحب موصوف جو ۶ نومبر سنہ حال کو اپنے کام پر آگئے منسوخ ہوئی -

تصحیح

گزٹ نمبر ۴۸ - مطبوعہ ۲۲ نومبر ۱۹۱۹ء کے صفحہ اول سطر آخر میں الفاظ (مجسٹریٹ درجہ اول) غلط اور (مجسٹریٹ درجہ دوم) صحیح ہے

روبکار اجلاس صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر انہار

واقع ۲۳ نومبر ۱۹۱۹ء

آبپاشی فصلین کی بابت کوئی قاعدہ معین نہین ہے کہ اوقات آبپاشی خریف اور کون آبپاشی ربیع شمار ہوگی بعض اوقات تصفیہ وقت طلب ہوتا ہے تعین اوقات کا ہونا لازمی معلوم ہوتا ہے تاکہ اُس موافق عملدرآمد ہوتا رہے اسلئے حسب منشا بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم تجویز کیا جاتا ہے کہ یکم اکتوبر سے ۳۱ مارچ تک فصل ربیع شمار کیجائیگی اور یکم اپریل سے ۳۰ ستمبر تک جو آبپاشی ہو وہ فصل خریف کے متعلق شمار ہوگی تفصیل اجناس فصل وار درج ذیل ہے - اگر بوجہ خشک سالی یا دیگر وجوہ سے کسی وقت غیر فصل میں آبپاشی پلیوہ وغیرہ کیجاوے تو وہ خلاف آبپاشی بحکم اجلاس ہذا ہوا کریگی -

حکم ہوا کہ ایک نقل روبکار ہذا اطلاعاً پاس صاحب ڈپٹی مجسٹریٹ بہادر مرسل ہو - ایک نقل کتاب میں چھاپ کیجائے ایک نقل درج گزٹ ہو -

خریف	ربیع
باجرہ کپاس جوار مکا دہان نیشکر ماش موتگ تل دیگر اجناس خریف	گندم جو نخود چنی ارہر مسور السی شتر دیگر اجناس ربیع

روبکار اجلاس صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر انہار

واقع ۱۹ نومبر ۱۹۱۹ء

حسب منظوری بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم مرقومہ ۱۰ نومبر ۱۹۱۹ء جو بابت دفعہ (۶) جنتری آبپاشی منظور شدہ کونسل آف ریجنسی یعنی دفعہ (۶) موجودہ - اگر کوئی شخص بدون اجازت حکام نہر پانی لیگا تو اُس سے دوچند محصول بشرح جنس سے لیا جائیگا -

(۶) بموجب تجویز جدید حسب ذیل ہوگی

اگر کوئی شخص بدون اجازت حکام نہر پانی لیگا تو اُس سے محصول حسب تجویز ذیل بطریق تاوان لیا جائیگا - اور اس بارہ میں تصفیہ و تعین دفتر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر انہار سے ہوا کریگا -

الف دوچند محصول بشرح جنس کی یعنی دوچند محصول لیا جائیگا **ب** محصول المضاعف بشرح جنس **ج** محصول المضاعف معمولی یعنی جو فصل کا محصول ہو اسکا دوچند **د** اگر کاشتکار کو پانی لینے والے کو نوعیت خلاف ورزی کے اعتبار سے مزید تدارک کی ضرورت ثابت ہو تو تعداد محصول باعتبار جرم کے بطریق تاوان بڑہائی جاسکیگی —— حکم ہوا کہ —— ایک نقل بغرض اجرا ملاحظہ صاحب ڈپٹی مجسٹریٹ بہادر انہار کے پاس مرسل ہو - ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

نقشہ نرخ مہاجناس ریاست رامپور من ابتداء ۲۴ لغایت ۳۰ نومبر ۱۹۱۹ء

نام جنس	تحصیل حضور تحصیل	تحصیل شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	[illegible]	۴ سار	۴ سار	۴.۰ سار		۵ سار	تحصیل سوار کا نقشہ نہیں آیا۔
نخود وگندہ آمیز	۵ سار	۴ سار	۴ سار	۵ سار		۵ سار	
نخود خالص	۴.۰ سار	۴ سار	۴.۰ سار	۵ سار		۵ سار	
کنگ	۶ سار	۰	۵ سار	۵.۰ سار		۵ سار	
ماش	۴.۰ سار / ۵.۰ سار	۵.۰ سار	۴ سار	۴.۰ سار	۰	۴.۰ سار	
مونگ	۴ سار / ۴ سار	۳.۰ سار	۳ سار	۳.۰ سار		۴ سار	
مکا	۷ سار / ۷ سار	۷ سار	۷ سار	۷ سار		۷ سار	
جئی	۰	۰	۰	۷.۰ سار		۶.۰ سار	
گوجئی	۶ سار / ۶ سار	۰	۰	۰		۵.۰ سار	
عدس	۵ سار	۴ سار	۴.۰ سار	۰		۴.۰ سار	
ارہر	۵ سار	۰	۶ سار	۰		۰	
برنج	[illegible]	۴.۰ سار	۳.۰ سار	۳ سار		۴ سار	
روغن زرد	[illegible]	ــ ر سار	ــ ر سار	ــ ر سار			
روغن سیاہ	ــ سار / ــ ر سار	ــ ر سار	ــ سار	ــ ر سار		ــ ر سار	
روغن کنجد	ــ سار / ــ سار	ــ ر سار	۰ سار	۰		۰ر سار	
نمک سانبھر	۹ سار	۱۱.۰ سار	۱۱.۰ سار	۶ سار	۰	۸ سار	
نمک لاہوری	۶ سار / [illegible]	۸ سار	۶ سار	۵ سار		۷ سار	
قند سیاہ	۳.۰ سار / ۳ سار / ۵ سار	۳.۰ سار	۴ سار	۳.۰ سار		۴.۰ سار	
باجرہ	۶ سار / ۶ سار	۶.۰ سار	۶ سار	۶.۰ سار		۶.۰ سار	